سوال

اویس قرنی کے متعلق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مہربانی فرما کر بتلائیے کہ اویس قرنی کون ہیں۔ ؟ بریلوی توکہتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم کو دیکھا تو نہیں تھا، لیکن پھر بھی انہیں صحابی کہا جاتا ہے، اس بارے میں حقیقت واضح کریں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ نے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا ہے لیکن والدہ کی خدمت کی وجہ سے آپ سے ملاقات نہ کرسکے۔ بلاشبہ اویس قرنی رحمہ اللہ کا شمار تابعین کے سرداروں میں ہوتا ہے، بہت ہی متقی، پرہیزگار اور صالح مومن تھے۔ ان کے مناقب کے بارے ان کا نام لے کر جو روایات مروی ہیں وہ ضعیف یا موضوع ہیں۔ بعض اہل علم مثلا امام حسن بصری رحمہ اللہ اور امام نووی رحمہ اللہ نے بعض عمومی اور صحیح روایات کو ان کے مناقب کی بنیاد بنایا ہے۔ جمہور اہل علم کے نزدیک ان کی شہادت ۳۷ھ میں جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شرکت کے دوران ہوئی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث